پیچھے کھڑی ہو۔ برصغیر کی سطح پر پھر اس تحریک جہاد کے پھر تین کام ہوں، کشمیری مسلمانوں کی مدد اور نصرت پہلا کام، پھر پاکستانی فوج سمیت سب طواغیت کی سازشوں اور جارحیت کے مقابل تحریک جہاد کا ڈٹ کر دفاع کرنا دوسرا کام اور تیسرا یہ کہ بھارتی فوج اور ہندو حکومت کے خلاف جنگ کا دائرہ پورے برصغیر میں وسیع کرنا... دیکھیے کشمیر کے چھوٹے سے علاقے میں بھارت نے چھ لاکھ فوج تعینات کر کے اپنے آپ کو محفوظ کیا ہوا ہے، اسے کلکتہ، بنگلور اور دہلی سمیت پورے برصغیر میں ہدف بنائیں گے تو اس کے ہوش ٹھکانے آئیں گے، اس کا ظلم قابو ہو گا اور کشمیر پر اس کی گرفت اللہ کے اذن سے کمزور ہو گی۔

پانچواں نکتہ جو اہمیت کے لحاظ سے پہلا نکتہ ہے، وہ یہ کہ مذکورہ تمام نکات پر برصغیر کے مسلمانوں کو لانا، یعنی انہیں دعوت و جہاد کے نبوی منہج پر کھڑا کرنا اور اس سے بھی پہلے فکر آخرت، تقویٰ اور للّٰہیت جیسے اصل زاد راہ سے ان کو مزین کرنا...

یہ پانچ نکات وہ راستہ ہیں جو ہماری نظر میں اللہ کے اذن سے کشمیر سمیت اس پورے برصغیر میں ظلم اور کفر کا جو غلبہ ہے، اس کے خاتمے کا ان شاء اللہ باعث بن سکتے ہیں، واللہ اعلم بالصواب۔

السحاب: عملاً جہاد کشمیر میں القاعدہ کس طور پر اپنا کردار ادا کر رہی ہے؟

استاذ اسامہ محمود: چند باتیں اس حوالے سے اپنے کشمیری بھائیوں کے سامنے ابتداء میں رکھنا چاہتا ہوں؛ یہاں خراسان میں، ہمارے اس قافلے میں مقبوضہ کشمیر سے تعلق رکھنے والے کئی مجاہد و مہاجر بھائی موجود تھے اور ابھی بھی الحمد للہ موجود ہیں، یہ وہ بھائی ہیں جنہوں نے جہاد کے لیے پاکستان ہجرت کی تھی، مگر جب پاکستانی فوج نے اپنی پالیسی تبدل کی تو انہیں اس فوج اور اس کی ایجنسیوں نے جہاد ترک کرنے اور پاکستان میں ملازمتیں شروع کرنے پر مجبور کیا، اللہ کے ان شیروں نے، الحمد للہ، اس ذلت سے انکار کیا، اور یہاں خراسان آ کر القاعدہ میں شمولیت اختیار کی، پھر یہاں یہ کشمیری بھائی امریکی اتحاد کے خلاف معرکوں میں شریک رہے اور ابھی بھی الحمد للہ شریک ہیں... ساتھ ہی ساتھ وادی کشمیر سے بھی ان کی نظریں نہیں ہٹیں اور یہ بھارت کے خلاف بھی تیاری کرتے رہے، ان میں سے کئی بھائی ایسے بھی ہیں جو امریکی حملوں میں یہاں شہید ہوئے ہیں۔ رحمہم اللہ...

اس فہرست میں مجاہدین بھی شامل ہیں اور قائدین بھی، مقبوضہ کشمیر سے تعلق رکھنے والے بھی اور پاکستانی کشمیر سے تعلق والے بھی، شیخ احسن عزیز رحمہ اللہ، ہمارے مربی اور استاد تھے، بذات خود میں اس کا شاہد ہوں کہ کشمیر کے اندر یہاں خراسان سے کام اٹھانے کے لیے انہوں نے بہت محنت کی اور کئی کشمیری مہاجر بھائیوں کو انہوں یہاں تیار کیا۔ اسی طرح شیخ الیاس کشمیری رحمہ اللہ (کمانڈر الیاس کشمیری رحمہ اللہ) جہاد کشمیر کے مشہور قائد تھے۔ آپ کشمیر میں لڑے، لڑتے رہے، مگر پالیسی کی تبدیلی کے بعد آپ کو بھی فوج نے روکنا چاہا، آپ نہیں مانے تو آپ کو عقوبت خانے میں ڈالا، تشدد کیا آپ پر، رہا ہوئے تو آپ نے سیدھا خراسان کا رخ کیا، یہاں القاعدہ میں آپ شامل ہوئے اور پھر القاعدہ کے تحت آپ ؒ نے دونوں محاذوں پر توجہ رکھی امریکی اتحاد کے خلاف بھی لڑے، اللہ نے آپ

سے بہت سارے کام لیے ، شیخ اسامہ رحمہ اللہ کے ایبٹ آباد والے خطوط میں بھی آپ کا تذکرہ ہے ، ساتھ ہی ساتھ دوسرے محاذ جہاد کشمیر کے لیے بھی یہاں آپ نے یہاں تیاری جاری رکھی... اور یہاں خراسان سے آپ نے بھارت میں کئی کامیاب کاروائیاں بھی الحمدللہ کرائیں۔

تو مقصد یہ ہے کہ ہم یہاں خراسان میں ، میدان جہاد میں ہو کر بھی جہاد کشمیر میں حصہ ڈالنا اپنا فرض سمجھتے ہیں ... ہمارے قافلے کے ہر مجاہد کا دل ، چاہے وہ کشمیر سے تعلق رکھتا ہو ، یا پاکستان ، بنگلہ دیش اور بھارت سے ، ہر ایک کا دل اپنے کشمیری بھائیوں کی نصرت کے لیے تڑپتا ہے ، کشمیر کے اندر بھی ، اللہ ہمارے لیے راستے کھولے ، اللہ ہمیں توفیق دے ، تو ان شاء اللہ جلد اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہم مورچوں میں ہوں گے ، پھر کشمیر سے باہر پوری دنیا میں... بھارتی ریاست کے مفادات اور اس کا ہندو حکمران طبقہ ہدف بنانا ہماری کوشش ہے ، اس کی طرف ہم دعوت بھی دیتے ہیں ، اللہ ان کوششوں اور اس دعوت میں برکت ڈالے ، پھر «جَاهِدُوا الْمُشْرِكِينَ بِأَلْسِنَتِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ» "مشرکین کے خلاف اپنی زبانوں اور جانوں سے جہاد کرو" حدیث سامنے رکھتے ہوئے ، قولاً بھی ہم سے جتنا ہو سکے ، تو ہم اس میں عار نہیں سمجھیں گے بلکہ اپنے بھائیوں کی خیر خواہی کے لیے یہاں اس میدان جہاد سے اُس میدان پکاریں گے ، دلوں سے دلوں کو دستک دیں گے اور اپنے بھائیوں کی نصرت میں ہندو مشرکوں کے خلاف جتنا ہم سے ہو سکے اس جہاد میں ان شاءاللہ حصہ ڈالیں گے!

السحاب: کیا کشمیر میں القاعدہ کے داخلے سے کشمیر کاز کو نقصان نہیں پہنچے گا؟ بعض حلقوں کا کہنا ہے کہ اس سے امریکی مداخلت کو جواز مل جائے گا؟

استاذ اسامہ محمود : پہلی بات تو یہ ہے کہ مسلمانان کشمیر کے خون سے امریکی دامن صاف کب ہے کہ آج اس کی مداخلت سے ڈرایا جار ہا ہے ؟ امریکی کردار اپنے ظلم اور جبر کے ساتھ ہمیشہ سے یہاں موجود رہا ہے۔سوال ہے کہ ایک طرف جب جنوبی سوڈان اور مشرقی تیمور کے عیسائی مسلمانوں سے آزادی حاصل کرنے جب کھڑے ہوجاتے ہیں تو امریکہ فوراً حرکت میں آتا ہے اور انہیں آزادی دلا کر ہی چین سے بیٹھتا ہے مگر دوسری طرف پچھلے ستر سالوں سے یہاں کشمیری مسلمان آگ میں جل رہے ہیں ، امریکہ ٹس سے مس نہیں ہوتا ، بلکہ الٹا بھارت کو ، مسلمانوں کے اس قاتل کو وہ ہمیشہ مضبوط کرتا رہا ہے۔حقیقت یہ ہے کہ کشمیری مسلمانوں پر ڈھائے گئے ایک ایک ظلم کے پیچھے امریکہ کی تائید اور پشت پناہی موجود ہے۔

پھر امریکہ کی طرف سے بھارت کی یہ تائید و مدد کوئی آج یا کل کی بات نہیں ہے کہ اسے کشمیر میں کسی جماعت کے جہاد سے جوڑا جائے، ... امریکہ بھارت ایٹمی ڈیل ، فوجی بیسز کے استعمال کا معاہدہ ، خلائی مہمات میں غیر معمولی تعاون ، دہشت گردی کے خلاف تعاون کے نام پر اسلام کے خلاف جنگ اور اس طرح کے دیگر میدانوں میں مدد ، یہ سب کچھ القاعدہ کا ذکر تک آنے سے پہلے ہو تا رہا... پھر اسرائیل کی بھارت کے ساتھ قربت ، عسکری مدد ، اربوں ڈالر کا تعاون اور دفاعی انڈسٹری تک کو بھارت منتقل کرنا ، یہ

تعاون بھی کسی خاص جماعت کے خلاف یا اس کے سبب نہیں ہے ، یہ امت مسلمہ کے خلاف ہے! اس طرح پاکستانی فوج نے ۲۰۰۲ میں امریکی حکم پر جن کشمیری جماعتوں پر پابندی لگائی تھی تو وہ تنظیمیں القاعدہ نہیں تھیں ! ...پچھلے دنوں المائیڈہ نامی صحافی نے پاکستانی حکام اور جرنیلوں کے درمیان ایک میٹنگ کا انکشاف کیا تھا ، کہ امریکہ کو دکھانے کے لیے پاکستان میں مقیم کشمیری رہنماؤں کے قتل پر مشورہ ہوا، تو یہ کشمیری رہنماء بھی القاعدہ کے نہیں ہیں! مقصد یہ ہے کہ امریکہ اور بھارت پہلے بھی ایک تھے اور آئندہ بھی اسلام کے خلاف ایک رہیں گے ، الكفر ملة واحدة ، اسلام اور مسلمانوں کے مقابل محاذ ہو تو کردار چاہے جو بھی ہو، در حقیقت سب کا مقصد وہدف اسلام دشمنی ہوتا ہے۔

یہ بھی میں عرض کروں کہ دنیائے عالم کے سب ظالم اور سب کافر مسلمانوں کے خلاف متفق و متحد ہیں تو پھر کشمیری مسلمانوں پر مظالم کے سامنے امت مسلمہ صرف تماشائی کیوں بنے اور اس کے مجاہد فرزند اپنے بھائیوں کی پکار پر لبیک کیوں نہ کہیں ؟ حقیقت یہ ہے کہ دنیا بھر کے مسلمان ایک امت ہیں ، ایک جسم کی مانند ہیں ، جبکہ ان کافروں اور ان کے آلہ کاروں کی کوشش ہے کہ مسلمانوں کو انہی کی کھینچی گئی لکیروں کے اندر محصور کریں، اللہ کی عبادت کی جگہ وطن اور ملک کے بتوں کے سامنے انہیں جھکائے تاکہ ظلم اور کفر کی رات قائم رہے۔ مگر الحمدللہ ، اللہ کی نعمت ہے اور تحریک جہاد کی برکت ہے کہ آج دنیا بھر کے مسلمان امت بن کر ممالک، ریاستوں اور ان کے سرحدات کے یہ بت پاؤں تلے روندتے ہوئے الحمدللہ کفر کے سامنے کھڑے ہیں۔

السحاب: آج جہاد کشمیر جو رخ اختیار کرتا جارہا ہے۔ آپ کا کیا خیال ہے یہ امریکہ اور اس کے حواریوں کے لیے تکلیف کا باعث ہوسکتا ہے؟

استاذ اسامہ محمود: امریکہ اور اس کے حواریوں کو یقیناً تکلیف ہے اور ہونی بھی چاہئے، اس تکلیف کا سبب کشمیری عوام کا ایسے جہاد کی طرف بڑھنا ہے جو پاکستانی ایجنسیوں سے آزاد ہے اور جس کا مقصد شریعت کی حاکمیت ہے۔ ایسے جہاد کو نہ امریکہ پسند کرتا ہے ، نہ پاکستان اور نہ ہی بھارت، یعنی بھارت بھی جب جہاد ختم نہیں کر سکتا ہو تو اس کے لیے آخری چارہ پھر کنٹرولڈ جہاد ہے ، تاکہ جب چاہے امریکہ پاکستان کے ذریعے سے اس کو قابو کر سکے۔

سچ یہ ہے کہ مظلوموں کی نصرت اور شریعت کی حاکمیت کے لیے جہاد القاعدہ یا کسی بھی نام سے ہو، ایسا جہاد چونکہ مسلمانوں کو آزادی ، عزت اور حفاظت دلاتا ہے اس لیے یہ سب شیاطین متحد ہو کر اس کے راستے میں روڑے اٹکائیں گے ...مگر الحمد للہ کشمیری مسلمان آج دوست اور دشمن پہچان گئے ہیں، انہوں نے آزادی کا راستہ اب جان لیا ہے اور اب وہ شریعت یا شہادت سے ہٹ کر کسی بھی دوسری منزل پر ان شاء اللہ نہیں رکیں گے۔

یہاں میں امریکہ سے ڈرانے والوں سے بھی پوچھتا ہوں کہ امریکہ نے کونسا تیر مارا، کونسا دنیا میں جہاد ختم کر دیا کہ وہ اب کشمیری مسلمانوں کو بھی خاموش کرنے آئے گا؟ امریکہ جہاں بھی آیا، امت کے مجاہدین الحمدللہ شرق اور غرب سے اس کے تعاقب میں پہنچے اور پھر الحمد للہ مجاہدین تو موجود رہے مگر امریکہ بھاگتا رہا ،اللہ کے فضل سے آج امت اور اس کے مجاہدین فتح یاب ہیں جبکہ امریکہ اور امریکہ سے ڈرانے والے مایوس اور پریشان کھڑے ہیں۔

السحاب: یہاں کشمیری مجاہدین کے نام آپ خصوصی پیغام دینا چاہیں گے؟

استاذ اسامہ محمود: کشمیر کے میرے مجاہد بھائیو! واللہ ، آپ میں سے ہر مجاہد بھائی ہمارا محبوب اور عزیز بھائی ہے ، جماعتوں اور تنظیموں کے رشتوں سے ایمان اور اسلام کا رشتہ زیادہ قوی اور زیادہ اہم ہے...اسی قوی اور اہم تر رشتے کے سبب آج ہم آپ کے سامنے مخاطب ہو رہے ہیں!

ہماری یہ گزارشات کشمیر کے ہر قائد و غیر قائد ،ہر مجاہد بھائی اور ہر بزرگ سے مخاطب ہیں، ان گزارشات کو آپ خراسان سے اپنے مجاہد بھائیوں کی پکار سمجھئے! یہ اُن کشمیری شہداء کی طرف سے امانت بھی سمجھئے جو آزادی کشمیر کی خواہش لیے یہاں خراسان میں دفن ہیں۔

پہلی گزارش یہ ہے کہ ...مشرک ہندوؤں کے خلاف یہ قتال عظیم عبادت ہے ! یہ عظیم عبادت اور یہ عظیم سعادت آپ کو مبارک ہو! درخواست ہے کہ ہم اس مبارک جہاد میں شریعت کو دانتوں سے تھام کر آگے بڑھیں۔ہمارے جہاد کا مقصد ، ہدف اور طریقہ کار ،یعنی سفر اور منزل، اول تا آخر، سب شریعت کے مطابق ہوں۔شریعت ، اللہ کا راستہ ہے ،اللہ کے اس رستے پر ہم چلیں اور اللہ کی اس شریعت کو حاکم بنانے کے لیے ہم لڑیں ...یہی جہاد فی سبیل اللہ ہے! آپ ﷺ نے فرمایا ہے: «مَنْ قَاتَلَ لِتَكُونَ كَلِمَةُ اللَّهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ» 'جو اللہ کے کلمہ کو سربلند کرنے کے لیے لڑا تو اس کا لڑنا جہاد فی سبیل اللہ ہے' اسی سے ہر ظلم کا خاتمہ ہو گا ، ظلم کا خاتمہ ظلم سے نہیں ہو گا، بلکہ ظالم کا خاتمہ عدل سے ہو گا اور عدل شریعت ہے، جبکہ شریعت کے مقابل ہر عدل ظلم ہے! غرض شریعت کی حاکمیت کے لیے لڑیئے! اس نظام ظلم کے مقابل قیام خلافت کا مبارک مقصد اپنے سامنے رکھئے! اسی سے اللہ کی نصرت آئے گی ، اسی سے مظلوموں کی مدد ہو گی! الحمدللہ یہی ہمارے محبوب مجاہد برہان وانی رحمہ اللہ کا راستہ تھا اور یہی اس عالمی تحریک جہاد کی بھی دعوت اور منہج ہے![3]

دوسرا نکتہ یہ ہے کہ الحمد للہ، اللہ کی نعمت ہے ، کہ تحریک آزادی کشمیر آج خود اپنے پاؤں پر کھڑی ہو رہی ہے ، آج یہ جہادی تحریک پڑوس کی ایجنسی اور فوج کے ہاتھ میں ان شاء اللہ نہیں ہے ! ایجنسی اور فوج کی خیانت کے آپ ڈسے ہوئے ہیں اور ہمیں

---

[3] شہید برہان وانی رحمہ اللہ ایک ویڈیو بیان میں اپنے جہاد کا مقصد کچھ یوں بیان کرتے ہیں "اپنے گھر بار چھوڑ کر، اپنی ماں بہنوں اور عزیزوں کو چھوڑ کر، دنیا کی ساری عیش و آرام اور اپنے فیوچر کو قربان کر کے اس میدان عمل میں اس لیے ہیں کہ ہماری قوم کی ماں بہن کی عزت و آبرو سلامت رہے۔ اپنے اس کشمیر میں خلافت کا نظام قائم ہو اور ہم کشمیر میں تو کیا پوری دنیا میں خلافت کا نظام قائم کر کے دم لیں گے"۔

آپ کی ایمانی فراست پر یقین ہے کہ ان شاء اللہ آئندہ بھی آپ اپنے اس مبارک جہاد کو ان خائنوں کا کبھی محتاج اور تابع نہیں کریں گے، آپ ﷺ کا فرمان مبارک ہے: «لَا يُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ وَاحِدٍ مَرَّتَيْنِ» "مومن ایک سوراخ سے دو دفعہ نہیں ڈسا جاتا"[4]۔

یہ افواج اور یہ ایجنسیاں کشمیر میں ہمارے اس مبارک جہاد کو اپنا غلام دیکھنا چاہیں گی مگر آپ اپنے اس قافلے کو اللہ اور صرف اللہ کا غلام رکھئے! آپ کا جہاد ، آپ کے اخلاص پر مبنی یہ عظیم تحریک ، اور آپ کی قربانیوں کی یہ طویل تاریخ ان کے لیے کھیل ہے ، یہ ان کی سیاست اور گندی تجارت ہے! یہ سب اپنے مفادات کے اسیر ہیں ، یہ لالچی، غرض اور مطلب کے بندے ہیں ،واللہ !یہ آپ کی قربانیوں کو اپنے مفادات اور اغراض کی بھینٹ توچڑھاسکتے ہیں، یہ بدمعاشوں کے ہاتھ آپ کی قربانیاں بیچ سکتے ہیں، مگر ان ظالموں کے مقابل، یہ آپ کے دفاع میں کھڑے ہو جائیں؟ یہ ناممکن ہے!

لہذا ہماری درخواست ہے کہ اللہ کے بعد صرف اللہ کے مومن بندوں کو آپ اپنے انصار سمجھیے...انہی کو اپنا ہمراز رکھیے!وہ مومن بندے جو تنخواہ، ترقی ، پلاٹ، اور کسی دنیاوی غرض کی خاطر نہیں لڑتے ہوں، بلکہ جو اللہ کے لیے محبت کرتے ہوں، اللہ کے لیے نفرت کرتے ہوں،، جو اللہ کے لیے دوستی رکھتے ہوں، اللہ کے لیے دشمنی رکھتے ہیں اور جو اللہ کے سامنے ہی جوابدہی کے خوف سے اپنی کشمیری ماں، بہن اور بھائی کی مدد اپنی ذمہ داری سمجھتے ہوں۔ اللہ رب العزت کا فرمان ہے:﴿وَالْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ...﴾ "مومن مرد اور مومن عورتیں ایک دوسرے کے پشتی بان و مدد گار ہیں..." جبکہ اس کا الٹ دیکھیے ! ﴿وَإِنَّ الظَّالِمِينَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ وَاللَّهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِينَ...﴾ اوربیشک ظالم ایک دوسرے کے مددگار ہیں، جبکہ اللہ متقین کا دوست اور مدد گار ہے... مومن کشمیر کے اندر ہو ، پاکستان ، ہندوستان یا افغانستان کے اندر ہوں ، وہ آپ کے دوست ہیں، وہ آپ کا درد سمجھتے ہیں...اور ظالم ہندوستان کے اندر ہو ، یا پاکستان و افغانستان کے اندر ، وہ ظالم ہے ، وہ آپ کا درد نہیں سمجھے گا...وہ خود غرض ہوتا ہے ، وہ کبھی بھی ، کسی بھی وقت آپ کو چیختا ، چلاتا، کراھتا ہوا چھوڑ کر واپس ہو سکتا ہے ، وہ آپ کی پیٹھ میں چھرا گھونپ سکتا ہے ،وہ کل کسی بھی موقع پر آپ کے تمام راز اپنی دنیا کی خاطر آپ کے دشمن کے حوالے کرسکتا ہے...بلکہ کسی وقت وہ خود آپ کا اعلانیہ دشمن بن سکتا ہے!

پھر یہاں یہ بھی میں عرض کر دوں ،اللہ کے مومن بندے خراسان، پاکستان، بنگلہ دیش اور ہندوستان اس پورے خطے میں الحمدللہ بے شمار ہیں، یہی ان شاءاللہ ظالم بھارت کا ہاتھ کاٹیں گے اور اُنہی کے ساتھ آپ کارابطہ بنااور آپ کی نصرت کے لیے انہیں کھڑا کرنا اور کھڑا رکھنا ہے۔۔ہم ...القاعدہ برصغیر میں آپ کے بھائی ... اپنی ذمہ داری سمجھتے ہیں ...اللہ ہمیں اس کی توفیق دے اور اللہ ہمیں حق کے لیے ایک دوسرے کا دوست اور مدد گار بنائے!!

---

[4] شہید شیخ افضل گورو رحمہ اللہ فرماتے ہیں:" آئی ایس آئی اور پاکستانی حکمران جو عملی طور پر امریکہ کے غلام ہیں ، ان پر تحریک مزاحمت(جہادکشمیر) کا انحصار توہین جہاد ہے۔جہاد اس کے تقاضوں کے ساتھ ہوتا ہے۔جہاد کے اپنے اصول ، شرائط ، قوانین ، حکمت عملی ہوتی ہے جن کا سر چشمہ دین الہی ہے، ان پر عمل کرنے سے ہی جہاد مطلوبہ نتائج و ثمرات دیتا ہے۔جہاد کا انکار گناہ عظیم ہے لیکن توہین جہاد اور جہاد کی بے حرمتی کرنا اس سے بڑا گناہ ہے... ہمیں اللہ پاک سے جو غفور اور رحیم ہے مغفرت طلب کرنی چاہئے"(آئینہ،ص100)

دیکھیے میرے مجاہد بھائیو! تحریک جہاد کو اسی نہج پر کھڑا کرنا مشکل ضرور ہے، مگر ناممکن قطعاً نہیں، دیکھیے یہ حقیقت ہے کہ اگر تحریک جہاد کے لیے ہم یہ راستہ نہیں اپنائیں گے، اسے پاکستانی فوج جیسے ظالموں اور دین دشمنوں سے محفوظ نہیں کریں گے، تو یہ سیاہ رات ختم نہیں ہو گی، ہم گول دائرے میں گھومتے رہیں گے، منجدھار کے بیچ پھنسے رہیں گے، یہ معصوم خون بہتا رہے گا مگر منزل اور کامیابی... تو وہ دور دور تک بھی نظر نہیں آئے گی، اس لیے اللہ پر توکل کی ضرورت ہے، اللہ سبحانہ وتعالی کے فرمان مبارک ہیں: ﴿وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ وَكَفَى بِاللَّهِ وَكِيلًا﴾ "اور اللہ پر توکل کرو اور اللہ ہی مدد کے لیے کافی ہے" اور اس طرح اللہ رب العزت کا فرمان ہے: ﴿وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ﴾ "اور جس نے اللہ پر توکل کیا" ﴿فَهُوَ حَسْبُهُ﴾ "تو اللہ اس کے لیے کافی ہے"۔

اسی طرح اللہ ہمیں مخاطب ہیں: ﴿وَكَفَى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَنَصِيرًا﴾ "اور تیرا رب ہدایت کے لیے کافی ہے، اسٹریٹیجی سمجھانے، راستہ بتانے کے لیے کافی ہے، ﴿وَنَصِيرًا﴾ اور مدد کے لیے کافی ہے"۔

لہذا ہم اللہ پر توکل کریں، تحریک جہاد کی آزادی، اس کی خود کفالت اور شرعی راستے پر اسے قائم رکھنے کے لیے ہم آگے بڑھیں، یقیناً اللہ رب العزت مدد فرمائیں گے۔[5]

السحاب: جزاکم اللہ خیر، تحریک آزادی کشمیر میں عوام کے کردار آج سب کے سامنے ہے، کیا اس حوالے سے آپ کچھ کہنا چاہیں گے؟

استاذ اسامہ محمود: کشمیری عوام کا کردار پوری امت کے لیے لائق تقلید ہے، آج ان کا اس مبارک جہاد میں بھرپور حصہ ہے، میں انہیں عرض کرتا ہوں کہ آپ کا مجاہدین کی حمایت میں احتجاج کرنا، لاٹھیاں، پتھر اور گولیاں تک کھانا، پھر اپنے جسموں کو ڈھال بنا کر مجاہدین کا دفاع کرنا، فوج پر سنگ باری کرنا، اسی طرح مجاہدین کو کھانا کھلانا، پناہ دینا اور دعائیں دینا یہ سب نصرت جہاد ہے، عظیم عبادت ہے، پس اس راستے پر قائم رہیے، آج آپ جو مشقت بھی اٹھاتے ہیں، جو قربانی بھی دیتے ہیں، اس کا اجر اپنے رب کے پاس پائیں گے، یہاں میں مجاہدین کو بھی درخواست کروں گا کہ اس عظیم عوام کی حفاظت اور خیر خواہی ہمارے اوپر فرض ہے، اس لیے ان کی حفاظت کو ہم یقینی بنائیں، ان کی تائید میں اضافہ کرنے کے لیے ہر جائز راستے ہم اپنائیں اور ایسے تمام اقدامات سے ہم حتی الاستطاعت گریز کریں جن کے سبب عوام کا نقصان ہو، مسلمان عوام کی حمایت انتہائی بڑی نعمت ہے، اس کے بغیر کوئی بھی جہادی تحریک نہیں چل سکتی، اس لیے اس پر جہاں اللہ سبحانہ وتعالی کا شکر ہم ادا کریں، وہاں عوام کے بھی مستقل طور پر ہم مشکور رہیں، اللہ آپ اور آپ کی اس مجاہد عوام کے درمیان محبت اور اعتماد کا یہ رشتہ ہمیشہ قائم رکھے۔

---

[5] شہید افضل گورو رحمہ اللہ لکھتے ہیں: "جہاد کشمیر کو اب ایسے تمام اسباب، ذرائع، افکار، طور طریقے، حکمت عمل وغیرہ سے الگ کرنا ہو گا جو اس مقدس فریضے کا شایان شان نہ ہو۔ ناپاک غیر اسلامی وغیر فطری اسباب، ذرائع اور طریقوں سے نہ صرف جہاد کے اثرات ونتائج ضائع اور ختم ہوتے ہیں بلکہ یہ جہاد و دین کی توہین و تذلیل ہے جو ایک عظیم گناہ ہے، اس سے امت بھی ذلیل ہوتی ہے یہ بات پہنچتے پہنچتے جناب آنحضرت ﷺ تک پہنچتی ہے، یہ رسالت و نبوت اور قرآن کی توہین ہے، اندازہ لگانا چاہئے کہ دین و جہاد کے جھنڈے اٹھانے والوں پر کتنی بڑی اور نازک ذمہ داری عائد ہوتی ہے، دین کی قدر و قیمت، دین کی شان و عظمت، دین کی حفاظت کرنا... اور اس کی سربلندی علماء حق، اہل تقوی اہل دانش اور مرد مجاہد ہی جان سکتے ہیں... یہ کام امریکہ دجال کے حواری اور اس کے اجرتی ملازم یعنی ایجنسیوں والے نہیں جان سکتے، پاکستانی مجاہدوں کا اخلاص وایثار اور قربانی اور...... پاکستانی ۱۱ ہزار سے زیادہ شہداء کا مقدس لہو جس نے کشمیر کی ٹھنڈی سرزمین کو ایک روحانی انقلاب سے گرما دیا ہے۔ اس مقدس لہو کے ساتھ وفاداری صرف اس صورت میں ہو سکتی کہ جہاد کشمیر کو ایجنسیوں اور حکومت پاکستان کی پالیسیوں سے الگ ہونا ہو گا"۔

السحاب: کشمیر میں جن مجاہد بھائیوں نے شریعت یا شہادت کا نعرہ لگایا ہے آپ خاص ان مجاہدین کے نام کوئی خصوصی پیغام دینا چاہیں گے؟
استاذ اسامہ محمود: جہادی کشمیر کے عظیم رہنماء شہید افضل گورو رحمہ اللہ اور نوجوان قائد شہید برہان وانی رحمہ اللہ کے یہ جانشین واللہ ہمارے، دلوں کی دھڑکن اور امیدوں کے مرکز ہیں، اللہ ان کی مدد فرمائے، ان کے دل اپنے نور سے منور کرے اور انہیں صبر و استقامت سے نوازے (آمین)۔ میں اپنے ان عزیز بھائیوں کے سامنے عرض کرتا ہوں کہ آپ جیسے عظیم بھائیوں کے سامنے میں اپنے آپ کو نصیحت کرنے کا قطعاً اہل نہیں سمجھتا مگر چونکہ باہمی خیر خواہی واجب ہے، اس لیے یہاں آپ بھائیوں کے سامنے نصیحت کی جگہ تذکیراً چند گزارشات پیش کرنا چاہتا ہوں:

عزیز بھائیو! برصغیر بلکہ پوری امت کے مجاہدین اور مظلوم مسلمانوں کی نظریں آپ پر، آپ کے جہاد پر اور آپ کے اس مبارک نعرے 'شریعت یا شہادت' پر ہیں! اس نعرے کو بلند کرنا جہاں بہت بڑی سعادت ہے، وہاں یہ اتنی ہی بھاری مسؤلیت بھی ہے۔ اس لیے کہ یہ راستہ اتباع شریعت سے شروع ہوتا ہے اور اتباع شریعت ہی کے ساتھ چلتا چلتا پھر نفاذ شریعت یا پھر دوسری صورت میں شہادت پر ختم ہوتا ہے، اللہ تعالی ہمیں اس نعرے کا حق ادا کرنے کی توفیق دے، تو انتہائی عزیز بھائیو! کشمیر کے اندر ہم مومنین کی اس صفت کا مصداق بن جائیں (أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ) یعنی وہ کفار کے لیے انتہائی سخت ہوتے ہیں جبکہ آپس میں وہ انتہائی نرم ہوتے ہیں۔ بھارتی فوج کے ساتھ آخری حد تک سختی اور اس کے خلاف قتال فرض ہے جبکہ مسلمانوں کے ساتھ نرمی اور شفقت کا برتاؤ انتہائی ضروری اور لازم ہے... آج آپ کے سامنے دو محاذ ہیں، ایک مشرک ہندوؤں کے خلاف جنگ اور قتال کا محاذ جبکہ دوسرا کشمیر میں موجود دیگر مجاہدین اور سب کشمیری مسلمانوں کو 'شریعت یا شہادت' کے اس عظیم منہج کی طرف بلانے اور انہیں اس پر کھڑا کرنے کا محاذ، اپنوں کے ساتھ تعامل کا یہ محاذ دعوت کا محاذ ہے اور یہ نرمی، محبت، خیر خواہی اور بہت ہی زیادہ صبر مانگتا ہے۔ ہمیں آپ سے امید ہے کہ آپ قتال اور دعوت کے ان دو مختلف محاذوں کی جو بالکل مختلف ضروریات ہیں ان کا خیال رکھیں گے، آپ کشمیر میں موجود ہر مجاہد، ہر عالم اور ہر ایسے قائد کو احترام دیں گے جن کی آزادی کشمیر کی اس مبارک جدوجہد میں حصہ ہے۔ کشمیری مسلمان سب ہمارے بھائی ہیں، ان میں سے چاہے کسی کا تعلق آپ کی جماعت سے ہو یا کسی اور دینی جماعت سے، رائے میں آپ کے ساتھ موافق ہو یا غیر موافق، ہر حال میں یہ ہمارے ہی بھائی ہیں، پس انہیں ہم اپنی کسی عجلت، تیزی یا لغزش کے سبب اپنے آپ سے دور نہ کردیں۔ آج قریب اور بعید سب دشمنوں کی بھرپور سازش ہو گی کہ وہ آپ کو مسلمان عوام اور دیگر مجاہد بھائیوں سے دور کردیں تاکہ آپ کی یہ مبارک آواز، یہ مبارک منہج ابتداء ہی میں دب کر ختم ہو جائے مگر آپ سے امید ہے کہ آپ ہر ایسی سازش کو اپنے عمل سے ان شاءاللہ ناکام بنائیں گے۔ آپ جانتے ہیں کہ ہم ہندوؤں کے خلاف جہاد اور نفاذ شریعت کی اس جدوجہد میں صرف اس وقت کامیاب ہوسکتے ہیں جب تنظیموں اور جماعتوں سے بالاتر ہو کر سب کشمیری مجاہدین اور سب مسلمانوں کے ساتھ اخوت اور محبت کا تعامل رکھیں۔ اللہ رب العزت کا فرمان ہے: ﴿وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ...﴾ "اللہ کی اطاعت کرو، اللہ کے رسول کی اطاعت کرو..." یعنی شریعت کی اتباع کرو۔ ﴿وَلَا تَنَازَعُوا﴾ "اور آپس میں مت جھگڑو" ﴿فَتَفْشَلُوا﴾ "ورنہ شکست کھاؤ گے... " ﴿وَتَذْهَبَ رِيحُكُمْ﴾ "اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی " ﴿وَاصْبِرُوا﴾ "اور صبر کرو" ثابت قدمی دکھاؤ... کس چیز

پر ثابت قدمی ؟اللہ و رسول کی اطاعت پر ثابت قدمی، شریعت کی اتباع پر ثابت قدمی ، کفر اور ظلم کے خلاف جہاد پر ثابت قدمی، اور آپس میں جھگڑا نہ کرنے پر ثابت قدمی، اور جب یہ ثابت قدمی دکھاؤ گے، جب یہ صبر کرو گے تو! ﴿إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ﴾، "بیشک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے"۔ لہٰذا اگر ان سارے امور کی ہم پابندی کر سکیں تو اللہ راضی ہو گا، اللہ کی نصرت اترے گی اور اپنی مظلوم کشمیری قوم کے دکھوں اور غموں کا مداوا بھی ان شاء اللہ ہو سکے گا، اللہ رہنمائی فرمائے اور اپنی مدد اور نصرت سے آپ کو نوازے! آمین یارب العالمین ، أَسْتَوْدِعُ اللَّهَ دِينَكُم، وَأَمَانَتَكُم، وَخَوَاتِيمَ أَعْمَالِكُم... جزاکم اللہ خیراً۔

السحاب: آمین ثم آمین ... ناظرین ،اس نشست کا اختتام کرتے ہیں۔ ان شاء اللہ اگلی نشست میں جہاد پاکستان کے موضوع پر گفتگو ہو گی۔ اس نشست میں کوشش ہو گی کہ جہاد پاکستان کی حقانیت پر بھی بات ہو اور اس کے اہم حقائق بھی سامنے لائے جائیں۔ تب تک کے لیے اجازت دیجئے۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

تحریک جہاد برصغیر ، حقیقت و حقانیت

(تیسری نشست)

جہاد پاکستان... پس منظر، حقانیت اور حقائق

السحاب: تحریک جہاد پاکستان اس وقت ایک کٹھن مرحلے سے گزر ہی ہے۔ بعض طبقات اور ان میں سے سر فہرست پاکستانی فوج ان حالات کو اس تحریک کے اختتام کا مقدمہ قرار دے رہے ہیں، کیا آپ اس بات سے اتفاق کریں گے؟

استاذ اسامہ محمود: جہاد پاکستان کے حوالے سے مطمئن رہئے، یہ قافلہ دشمن کی سازشوں اور رکاوٹوں کو ان شاء اللہ اپنے ساتھ بہا کر آگے بڑھے گا، یہ غزوہ ہند کا قافلہ ہے... اور اللہ سے امید ہے کہ مجاہدین پاکستان، پاکستان ہی نہیں کشمیر اور برما تک پورے برصغیر کے مظلوموں کے لیے ان شاء اللہ امید بن کر رحمت اور نعمت ثابت ہوں گے۔ عالم کفر کے یہ غلام اہل دین اور مجاہدین کو لاکھ دبائے، یہ ظلم، دھوکہ اور فریب کے ہتھیار سے حق کی راہ میں لاکھ رکاوٹیں کھڑی کر دے، پھر امریکیوں کے ساتھ ساتھ اپنے ملحد آقاؤں سے بھی مدد لیں، مؤمنین مجاہدین کی کامیابی اللہ کا امر ہے، اللہ ہمیں، مجاہدین پاکستان کو صحیح معنوں میں اہل ایمان ثابت فرمائے، تو یہ قافلہ رکنے والا نہیں ہے، یہ شہادتوں اور قربانیوں کا امین قافلہ ہے، اس کی منزل ظلم کا خاتمہ اور شریعت کا نفاذ ہے، اسی کی طرف سفر جاری ہے اور ان شاء اللہ بہر صورت جاری رہے گا۔ زمینوں کا چھن جانا، شہادتیں اور قید و بند جہادی تحریکوں کی کامیابی و ناکامی کی کسوٹی قطعاً نہیں ہے، آج تک کونسی ایسی تحریک رہی ہے کہ جس نے جہاد کا جھنڈا اٹھایا ہو اور وقتی ہزیمت اور آزمائشوں سے دوچار ہوئے بغیر فتوحات در فتوحات حاصل کیے ہوں، ایسا تو سوچنا بھی سادگی ہے۔ اللہ سبحانہ و تعالی حق کی تحریکوں، جہادی تحریکوں کو آزمائشوں سے گزارتا ہے، شہادتوں، قید و بند اور زمینوں کے چھن جانے سے ان کی قوت و ایمان میں اضافہ کرتا ہے، ان آزمائشوں کا ایک اہم مقصد فتح کے لیے تیاری ہے، اس لیے کہ اسی سے یہ تحریکیں خود احتسابی سے گزرتی ہیں، یہ چند قدم پیچھے ہو کر اپنی خامیاں اور کمزوریاں دور کرتی ہیں اور پھر دشمن کی صفوں کو چیرتے ہوئی آگے بڑھتی ہیں، یہی جہاد پاکستان ہے اور یہی ان شاء اللہ اس غزوہ ہند کا مستقبل ہے، بس جہاد پاکستان میں شامل ہم سب مجاہدین ، سب گروہ جس قدر جلدی اپنے صفوں کو درست کر سکیں، منظم کر سکیں، جس قدر جلدی اپنی اصلاح ہم کر سکیں، اتنی ہی جلدی ان شاء اللہ یہ قافلہ کامیاب اور کامران بن کر آگے بڑھے گا۔

السحاب: آگے بڑھنے سے پہلے مناسب ہو گا اگر آپ یہ بتادیں کہ جہاد پاکستان اور پاکستان میں تحریک جہاد کا آغاز کیسے؟

استاذ اسامہ محمود: پچھلی نشستوں میں اس پر بات ہوئی تھی کہ ہم مجاہدین پاکستان میں، برصغیر میں ...اللہ کے اذن سے سید احمد شہید کی تحریک کا تسلسل ہیں، اس کے علم بردار ہیں، اللہ ہم سب کو اس تحریک کا حق ادا کرنے کی توفیق دے، اس طرح یہ بھی عرض کیا تھا کہ برصغیر میں نفاذ شریعت کی

یہ تحریک ، تحریک مجاہدین کسی نہ کسی طرح جاری رہی اور یہ بھی عرض کیا کہ پاکستان کے اندر یہ تحریک دوبارہ اس وقت نئے سرے سے اٹھی جب امریکہ نے یہاں 2001 میں امارت اسلامی افغانستان پر حملہ کیا۔ چنانچہ جب امریکہ 2001 میں یہاں آیا، تب پاکستانی جرنیلوں نے امریکی جنگ اپنے سر لی اور انہوں نے امریکہ کی غلامی میں افغانستان سے کشمیر تک جہاد اور اسلام مٹانے کی قسم کھائی۔ ان خائنوں نے امریکہ کا ساتھ دے کر امارت اسلامی اس وقت ختم کرائی اور پھر ان کی کوشش تھی کہ مجاہدین کو کسی ایسی جگہ پاؤں جمانے کا موقع نہ دیا جائے جہاں سے وہ دوبارہ امریکہ اور عالمی کفر کے خلاف تحریک کھڑی کر سکیں۔ اسی حال میں عرب اور عجم کے مہاجر اور قبائلی مجاہدین، پاکستانی قبائل کے اندر جمع ہوئے، قبائلی عوام نے مجاہدین کی صالح سیرتوں اور کردار کو دیکھ کر ان کا ساتھ دیا، ان کے لیے دل کھولے اور یہ دل بھی ایسے کھولے کہ آگے پھر اپنا سب کچھ ان کی خاطر قربان کیا ...اللہ دنیا اور آخرت میں اس مجاہد عوام کو اور ان کی آئندہ نسلوں تک کو اس کا بہترین بدلہ دے۔

السحاب: اس اجتماع کے پیش نظر بنیادی مقاصد کیا تھے؟

استاذ اسامہ محمود: اہم اور اساسی مقصد تو امارت اسلامی کا دفاع اور امریکہ کو باہر نکالنا، اس کو شکست دینا تھا، اسی طرح شریعت کا غلبہ، مسلمانوں کی حفاظت اور تحریک جہاد کا دفاع، یہ اہم مقاصد تھے جو اس اجتماع کے مد نظر تھے۔ پاکستانی فوج نے امریکی غلامی میں اس مبارک تحریک کو ختم کرنے کے لیے بھرپور قوت کا استعمال شروع کیا اور مجاہدین پر ایک جنگ مسلط کر دی... یہاں میں واضح کر دوں کہ کافی عرصہ تک مجاہدین کا اساسی ہدف افغانستان میں امریکہ تھا اور وہ کسی طور پر بھی پاکستانی فوج کے ساتھ اس مرحلے میں محاذ نہیں کھولنا چاہتے تھے ، مگر اس فوج نے انہیں مجبور کیا اور انہیں دو راستوں میں سے کسی ایک کو اختیار کرنا پڑا ،پہلا راستہ فوج کے خلاف نہ لڑنے کا تھا اور اس کا نتیجہ پھر یہ نکلنا تھا کہ تحریک جہاد ختم ہو اور یہاں امریکہ کا مکمل طور پر تسلط ہو، دوسرا راستہ فوج کے خلاف لڑنے کا تھا اور اس صورت میں تحریک جہاد کا دفاع ہو سکتا تھا، نفاذ شریعت اور غلبہ اسلام کی تحریک کی حفاظت ہو سکتی تھی ، لہذا دوسرا راستہ اپنایا گیا ، مجاہدین دفاع کی خاطر میدان میں اترے۔ اللہ نے الحمدللہ معجزات دکھائے، اللہ کی نصرتیں اور مجاہدین کی کرامات یہاں قبائیلی عوام کو نظر آئیں، اس کے سبب مجاہدین کی قوت میں اضافہ ہوتا گیا، الحمدللہ فوج کو خوب مار پڑی اور یوں بالآخر یہ فوج پیچھے ہٹنے پر مجبور ہوئی۔ مجاہدین اور قبائلی مسلمانوں کی یہ قربانیاں رنگ لائیں اور الحمدللہ جہاد کو پناہ گاہ حاصل ہوئی۔ یہ پناہ گاہ... 6-2005 میں ہاتھ آئی، اور جیسے ہی یہ ہاتھ آئی تو افغانستان کے اندر اس کے سبب الحمدللہ تحریک میں جان پڑ گئی۔ اُس وقت تک افغانستان میں امریکیوں کے خلاف تحریک بہت کمزور تھی۔ گویا جہاد پاکستان کی پہلی کامیابی افغانستان کے اندر امریکیوں کے خلاف جہاد کا منظم ہونا ہے اور ظاہر ہے یہ زیادہ تر اسی پناہ گاہ کے نتیجے میں ہوا۔ یہی وجہ رہی کہ پھر دس سال تک یہ پناہ گاہ فوجی آپریشنوں اور امریکی بمباریوں کی زد میں رہی...

السحاب: یہ تو قبائل کے اندر جہاد پاکستان کی بات ہوئی ، پاکستان کے اندر اعلان جہاد کب اور کیوں ہوا؟

استاذ اسامہ محمود : دیکھیے، عین اسی وقت یعنی جب قبائل میں یہ فوج مجاہدین کے خلاف لڑ رہی تھی، پاکستان کے اندر بھی یہاں جرنیلوں نے دو قسم کی جنگیں مسلط کی تھیں، ایک جنگ مجاہدین اور اہل دین کی پکڑ دھکڑ اور انہیں شہید کرنے کی صورت میں تھی، پورے پاکستان کو انہوں نے میدان

جنگ بنایا ہوا تھا، امریکی ایف بی آئی کے افسر اوپر سے نگرانی کرتے تھے اور یہ پاکستانی آئی ایس آئی کے افسر اور اہلکار سپاہی اور غلام بن کر ان کے احکامات کی تعمیل کرتے تھے ،ایک ایک مجاہد کی گرفتاری یا شہید کرنے پر یہ سب پیسے وصول کرتے تھے، تو ایک یہ جنگ تھی! دوسری جنگ اسلام کے خلاف تھی، مساجد و مدارس، علماء اور اہل دین پر انہوں زمین تنگ کی تھی ،اسلام کی نئی تشریحات متعارف کرانے اور نصاب میں تبدیلی لانے کے لیے بھی دباؤ ڈالا جا رہا تھا، اس ساری جنگ کا مقصد اسلام کی روح کو ختم کرنا تھا! ایسا امریکی اسلام یہاں پروان چڑھانا تھا جس میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر نہ ہو اور جو جہاد فی سبیل اللہ سے عاری ہو،یعنی ایسا اسلام جو امریکی شیاطین ،بھارتی ہندوؤں، چینی ملحدوں اور اسرائیلی غاصبوں سمیت پورے عالم کفر کے ظالموں کو تحفظ دے اور جو مسلمان کو مکمل طور پر کافروں کا غلام بنائے۔ آج بھی میڈیا کو دیکھیے ،ٹی وی چینلز کے پروگرام اور اخبارات کے کالم... ہر جگہ وہی امریکی اسلام رائج کرنے کی جنگ آپ کو نظر آئے گی۔

علماء کرام نے اس شیطانی مہم کے سامنے الحمدللہ بھرپور مزاحمت کی ...یہی وہ دور ہے کہ جس کے آس پاس نظام الدین شامزئی، مفتی جمیل الرحمان اور مولنا یوسف لدھیانوی، اللہ ان سب پر رحمتیں نازل فرمائے، ان جیسے کبار علماء کرام کو حق بولنے کی پاداش میں پاکستانی ایجنسیوں نے شہید کیا ، علماء کرام الحمدللہ اس کے باوجود بھی پیچھے نہیں ہٹے بلکہ کئی نے کھل کر پاکستانی فوج اور امریکیوں کے ان جرائم کے خلاف فتاوی دیئے اور عوام کو حق و باطل کی پہچان کرائی !

اسی دوران لال مسجد کا سانحہ ہوا۔ اللہ عبد الرشید غازی رحمہ اللہ اور ان کے ساتھ شہید تمام خوش نصیبوں کو جنت الفردوس دے اور پاکستان کے اندر یہ قربانیاں حق کی نصرت کا ہمیشہ باعث رکھے۔ یہاں یہ ذہن میں رہے کہ لال مسجد کا واقعہ جہاد پاکستان کا سبب نہیں تھا، بلکہ یہ عظیم واقعہ جہاد پاکستان کے اسباب سمجھانے والاہ ثابت ہوا، اس نے حق اور باطل، عدل اور ظلم کے مابین تمیز واضح کر دی اور پاکستانی عوام کو یہ سمجھانے میں کوئی دیر نہیں لگی کہ یہ فوج اسلام دشمن، عوام دشمن اور عالم کفر کی محافظ فوج ہے اور اس کے خلاف اگر جہاد نہیں ہوا تو امریکیوں کے خلاف بھی جہاد نہیں ہو سکتا، اس کے خلاف جہاد نہیں ہو گا تو اسلام، اسلام رہ کر نہیں بچے گا، اس طرح امارت اسلامی دوبارہ قائم نہیں ہو سکے گی اور ہندوؤں کے خلاف بھی جہاد بمعنی جہاد کبھی نہیں ہو گا۔

یوں شیخ اسامہ بن لادن رحمہ اللہ نے بھی اسی وقت اعلان جہاد کیا۔ گویا پاکستان میں یہ دفاعی جہاد پہلے سے جاری تھا مگر شیخ نے اب کی بار عام عوام کو بھی اس میں شرکت کی اپیل کی، اس لیے کہ اب عوام سمجھ گئی تھی ، لال مسجد اور جامعہ حفصہ کے پاکیزہ خون نے دوست اور دشمن کی تمیز کرا دی تھی۔بس صرف اشارے کی دیر تھی اور شیخ رحمہ اللہ نے بھی الحمد للہ یہ اشارہ دے دیا۔

السحاب: بعض احباب اس سے نتیجہ اخذ کرتے ہیں، شیخ اسامہ بن لادن رحمہ اللہ نے اس موقع پر عالم کفر کے سر امریکہ کو مارنے کے منہج میں ترمیم کی، کیا یہ بات درست ہے؟

استاذ اسامہ محمود: نہیں، ایسا نہیں ہے، شیخ اسامہ کا یہ منہج، یعنی کفر کے سر امریکہ کو مارنا القاعدہ کا منہج تھا اور الحمدللہ آج بھی ہے، اس میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے۔ شیخ اسامہ ؒ نے کیوں پاکستانی فوج کے خلاف بھی اعلان جہاد کیا؟ اس لیے کہ آپ نے عملی زندگی میں جہاد کی قیادت کرنی تھی۔ اور یہ اس منہج کے عین موافق تھا کہ امریکہ کی محافظ اس فوج کے خلاف بھی جہاد ہو! ترجیح اور تحریض کفر کے اسی سر امریکہ پر ہو............ مگر جو بازو اس سر کو بچا رہے ہوں، ان کے ساتھ نمٹنا ظاہر ہے اس جنگ کا حصہ ہوتا ہے۔ مثلاً ہمارے سامنے دشمن ہے، وہ آمنے سامنے لڑ رہا ہے، اس کا سر مارنا ہی ہماری ترجیح ہے مگر اس کے بازو میرے گلے اور گردن کو دبوچ رہے ہوں، ایسے میں کوئی یہ مطالبہ کریں کہ ان بازوں کو بالکل کچھ مت کہو ... بازوں کو دشمن کے بھی مت سمجھو... بس سر کو مارو! ایسے میں افکار اور تصورات میں تو جہاد ہو سکتا ہے عملاً اسلام اور مسلمانوں کا دفاع ممکن نہیں ہے۔

پھر یہاں یہ بھی عرض کردوں کہ جہاد روس، شیخ عبداللہ عزام رحمہ اللہ کے دور کے جہاد، اور اب کے امریکہ کے خلاف جہاد میں زمین آسمان کا فرق ہے، روس کے خلاف جہاد میں امریکہ کی امامت میں یہ تمام افواج اور سب حکومتیں روس کے خلاف مجاہدین کو راستہ دیتی تھیں اور آج یہ ساری افواج مجاہدین کے خلاف روس تک کو راستہ دیتی ہیں اور سب مسلمانوں کے خلاف عالم کفر کی غلام ہیں، گویا یہ قیاس مع الفارق ہے[6]، غرض پاکستان میں جہاد کا فیصلہ ایک درست فیصلہ تھا، اس کی برکت سے افغانستان میں جہاد قوی ہو گیا، جہاد افغانستان کا دفاع ہو سکا اور اسی کے سبب پاکستان امریکہ کی اسی طرح کالونی نہیں بن سکا، جس طرح پاکستانی فوج نے اسے امریکیوں کی کالونی بنانا چاہا۔ یہ جہاد نہ ہوتا تو آج بگرام ائر بیس اسلام آباد میں ہوتا اور یہاں افغانستان و پاکستان کا نقشہ ہی بالکل مختلف ہوتا... یہاں شیخ اسامہ رحمہ اللہ کے توکل کی طرف بھی توجہ دلاؤں کہ آپ پاکستان میں تھے، یہاں میدان جہاد گرم ہونے کی صورت میں آپ کو خطرہ ہو سکتا تھا مگر اسلام اور مسلمانوں کی مصلحت کی خاطر آپ نے اس کے باوجود ظالم جرنیلوں کے خلاف جہاد کی تائید کی اور اس پر پاکستانی مسلمانوں کو تحریض دی، خود آپ کی قیادت میں آپ کی جماعت نے بھرپور حصہ ڈالا۔ آپؒ نے فرمایا کہ جہاد فرض عین ہے اور کفر کی محافظ اس فوج کے خلاف ہمارے پاس دو ہی راستے ہیں، قتال کا راستہ اور اس کی استطاعت نہ ہو تو پھر اعداد میں اپنا آپ کھپایا جائے۔ اس کے علاوہ تیسرا راستہ... کہ یہ اپنی فوج ہے، اسلام اور مسلمانوں کی محافظ فوج ہے، اس باطل بات کی یہاں اب کوئی گنجائش نہیں ہے!

---

6 جنرل ناصر جنجوعہ نے ایک غیر ملکی ٹی وی چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے اس امریکی جنگ میں پاکستانی فوج کے کردار کو کچھ اس طرح بیان کیا "میں آپ کو بیان نہیں کر سکتا کہ ایک فوجی جرنیل کے لیے یہ بات کس قدر پریشان کن ہے کہ جب ہم قربانیاں پیش کرتے ہیں تو لوگ بے اعتنائی کے ساتھ نظریں چرا لیتے ہیں۔ دیکھئے سوتیلے بھائی کا تصور تو ملتا ہے لیکن آپ نے کبھی نہیں سنا ہو گا کہ دوستی میں بھی آدھی پونی کی جاتی ہے، دوست بھی سوتیلا ہوتا ہے، ہم ایک اتحاد کا حصہ ہیں اور ہم اکٹھے مل کر عالمی دہشت گردی کے خلاف لڑ رہے ہیں، ہم اپنا سب کچھ پیش کر چکے ہیں، ہم سب سے زیادہ نقصان اٹھا رہے ہیں، ہم سب سے زیادہ گرفتاریاں کر چکے ہیں۔ ہم سب سے زیادہ قتل کر چکے ہیں، کسی اور سے بھی بڑھ کر... اور یہ سب قربانیاں ہم دنیا کی خاطر پیش کر رہے ہیں"

السحاب: اگرچہ یہ بات ٹھیک ہے کہ پاکستانی فوج کے خلاف جہاد امریکہ اور عالم کفر کے خلاف جہاد کا حصہ ہے ، لیکن اس جہاد کی عمومی دعوت اور عام اعلان سے پہلے کیا یہ ضروری نہیں تھا کہ عوامی سطح پر یہ دعوت مقبول بھی ہوتی ؟

استاذ اسامہ محمود: الحمد للہ !شرعی دلائل کا میدان ہو یا عوام میں مقبولیت کا میدان دونوں میدانوں میں جہاد پاکستان کی دعوت غالب رہی ...شرعی میدان میں دیکھیں تو ،امریکہ کے آتے ہی الحمد للہ نظام الدین شامزئی اور مفتی جمیل رحمہا اللہ جیسے کئی کبار علماء کرام نے جہاد پر لوگوں کو ابھارا اور پاکستانی فوج کی خیانت کا راستہ روکنے کے لیے جہاد کی تحریض دلائی[7]، پھر آغاز میں یعنی ... ۲۰۰۴ میں چوٹی کے ۳۰۰ علماء نے پاکستانی فوج کے خلاف اور قبائل میں تحریک جہاد کے حق میں فتوی دیا، یہ فتوی دارالحکومت اسلام آباد سے نشر ہوا۔ پاکستان کے بڑے علماء میں سے کسی ایک عالم نے بھی اس وقت اس فتوے کی مخالفت نہیں کی، گویا اسے ایک متفقہ فتوی کہا جاسکتا ہے[8]۔ لال مسجد سانحہ کے بعد جہادی تحریک میں تیزی آگئی تو بے شمار علماء نے تحریک جہاد میں شمولیت اختیار کی۔بہت بڑی تعداد نے تحریک جہاد کی حمایت کی اور کئی علاقوں میں تو مساجد و مدارس سے ہی تحریک جہاد کا آغاز ہوا ،سوات اور باجوڑ کی مثال آپ کے سامنے ہیں جہاں جہادی تحریک علماء نے اٹھائی اور آج بھی الحمد للہ علماء کے ہاتھ میں ہے ،اسی طرح محسود سے سوات تک پھر پورے قبائل اور قریبی اضلاع میں یہ علماء کرام ہی تھے جنہوں نے مجاہدین کی اس تحریک کو عوامی تحریک بنایا اور ان کی کاوشوں سے قوموں کی قومیں تحریک جہاد کا حصہ بنیں۔

پھر دیکھیے علی اعلان تحریک جہاد کی حمایت علماء کے لیے ایک اعلی عزیمت ہے مگر تحریک جہاد کی خفیہ نصرت اور خفیہ حمایت بھی کوئی کم جہاد نہیں۔ الحمدللہ خفیہ طور پر پاکستان کے علماء میں سے ایک بہت بڑی تعداد نے تحریک جہاد کی حمایت اور نصرت کی، یہ نصرت فتاوی اور رہنمائی کی صورت میں بھی ہے اور عملی صورت میں بھی !

یہاں عرض کر دوں کہ جس دور میں علماء کرام کی شہادتوں کے سلسلے میں تیزی آئی ،مفتی عتیق الرحمان رحمہ اللہ جیسے علماء حق کو ایجنسیوں نے جس دور میں شہید کیا، اُس وقت ان سب مظالم کے باوجود چوٹی کے علماء میں سے کئی علماء قبائل آئے، شیخ ابو یحیی، شیخ عطیۃ اللہ، شیخ مصطفی ابو لیزید، بیت اللہ محسود امیر صاحب، استاد احمد فاروق رحمہم اللہ، سمیت وزیرستان سے سوات تک دیگر جو جہادی قائدین ہیں، ان کے ساتھ آکر انہوں نے ملاقاتیں کی۔مشورے و تجاویز دیئے اور اپنے اپنے حلقوں میں الحمد للہ مجاہدین کی طرف سے پھر یہ داعی بن کر واپس لوٹے۔پاکستان کے اندر بندوستی علاقوں میں علماء نے بہت بڑی تعداد میں جب کھل کر جہاد کی حمایت کی تو ایجنسیوں نے اس جرم میں بے شمار علماء کو جیلوں میں ڈالا،

[7] اسی موقع پر مفتی نظام الدین شامزئی رحمہ اللہ نے فتوی دیا تھا کہ " اگر کسی فوجی کو ایک مسلمان کے قتل اور " پھانسی یا کورٹ مارشل " کے درمیان فیصلہ کرنا پڑ جائے تو اللہ تعالی کے قانون میں اس کے لیے اخروی لحاظ سے آسن، سہولت دہ اور جائز یہی ہے کہ وہ اپنے لیے "کورٹ مارشل" اور "تختہ دار" کا راستہ اختیار کرلے"۔

[8] لال مسجد کے علماء حق نے اس وقت اسلاف امت کی یاد تازہ کرتے ہوئے ایک فتوی شائع کیا جس میں قرآن وسنت کی روشنی میں یہ وضاحت کی گئی تھی کہ ایک مسلمان فوجی پر لازم ہے کہ وہ مسلمانوں کے خلاف جنگ میں شریک ہونے سے انکار کردے ورنہ وہ بھی مسلمانوں کے قتل میں برابر کا شریک ہوگا، کبیرہ گناہ کا مرتکب ہوگا، اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا باغی قرار پائے گا اور اس کا مرنا حرام موت مرنا ہے اور وہ ہرگز شہید نہیں کہلائے گا۔ایسے لوگوں کی نماز جنازہ میں کوئی شریک نہ ہو اور نہ ان کی نماز جنازہ پڑھانے کے لیے کوئی آگے بڑھے۔اس فتوے کو پاکستان کے سینکڑوں علماء کرام اور دارالافتاء سے تائید و توثیق حاصل ہوئی اور دینی حلقوں میں اس کی خوب ترویج و اشاعت کی گئی۔

انہیں عقوبت خانوں میں شہید کیا اور آج ان شہداء کی تعداد سینکڑوں تک پہنچ گئی ہے ، مگر اس کے باوجود بھی الحمدللہ علماء نے جہاد کی حمایت نہیں چھوڑی۔

السحاب: علماء کے موضوع پر دوبارہ آتے ہیں ان شاءاللہ، یہ بتایئے کہ یہ تو شرعاً دعوت جہاد کے غالب ہونے پر بات ہوئی، عوامی سطح پر کیسے آپ کہتے ہیں کہ اس دعوت کو مقبولیت و پذیرائی ملی ؟

استاذ اسامہ محمود: اس تحریک نے قبائل سے لے کر کراچی اور لاہور تک بے شمار مسلمانوں کے دل اور ذہن فتح کیے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ حق کی دعوت تھی اور ایک ایسی دعوت تھی کہ جس کے مقابل مخالفین کے پاس کوئی عقلی یا شرعی دلیل نہیں تھی، کوئی ایسی دلیل نہیں تھی جو اس تحریک کی طرف لپکنے والے بے شمار لوگوں کو روک سکے۔ اس حقیقت کا کوئی انکار نہیں کر سکتا ہے کہ پاکستان میں نفاذ شریعت کی یہ تحریک ، یہ تحریک جہاد، ایک عوامی جہادی تحریک ہے جو قومی سطح کی ملک گیر اور تاریخی تحریک رہی، دیکھیے ہر طبقہ ہر پس منظر اور ہر مکتب فکر کے لوگ اس میں شامل ہوئے، طلباء کو دیکھیے ... دونوں قسم کے طلباء، وہ جو مدارس کے طلباء ہیں اور وہ جو کالج و یونیورسٹیوں کے طلباء ہیں، ان سب کا اس میں حصہ رہا۔ علماء... علماء بھی الحمد للہ ، ہر مکتبہ فکر کے علماء نے اس کا ساتھ دیا ، تحریک جہاد ہی کا یہ کارنامہ ہے کہ اس نے ان کے درمیان اختلاف کی وہ خلیج ختم کر دی جسے پاکستانی ایجنسیوں نے ہمیشہ ہوا دی ہے۔ پھر پروفیسر، ڈاکٹرز، اساتذہ ، مزدور، تاجر... شہری اور دیہاتی، خواندہ ناخواندہ ہر پس منظر کے لوگ... اس مبارک تحریک میں شامل رہے۔ پھر فوج کے اندر جوانوں اور افسروں تک میں ایک خاصی تعداد موافق رہی، کئی افسروں اور سپاہیوں نے تو فوج چھوڑ دی یا فوج کے اندر رہتے ہوئے جہاد کی نصرت کی ... کئی افسروں نے تو میڈیا پر آ کر مجاہدین کے موقف کی حمایت بھی کی[9]۔ اسی طرح سیاسی دینی جماعتوں سے خاصی تعداد میں لوگ شامل ہوئے ، انہوں نے جہاد کی نصرت کی ، بلکہ ان کے تو بعض نڈر قائدین نے علی الاعلان میڈیا میں مجاہدین کے موقف کی توثیق بھی کی ... اس پر ہم ان قائدین کے مشکور بھی ہیں ، اللہ انہیں اس حق گوئی پر دنیا اور آخرت کی عزت اور کامیابی سے نوازے[10]۔ غرض مقصد یہ ہے کہ قومی سطح پر ایک بہت بڑی تعداد نے اپنی جرأت، حوصلے اور جذبے کے بقدر اس مبارک جہاد میں کسی نہ کسی طرح شرکت کی۔

---

[9] سابق چیف آف جنرل سٹاف جنرل (ر) شاہد عزیز نے ایک ٹی وی پروگرام میں کہا ''افغانستان میں امریکہ کا ناجائز قبضہ ہے ، مسلمانوں کے ملک پر وہ مسلط ہو کر بیٹھے ہوئے ہیں ، اور ہم اس قبضے میں شامل ہیں ، ہم افغانستان میں اینٹی ٹرسٹ وار لڑ رہے ہیں ، ہمیں اس میں کنفیوز ہونے کی ضرورت نہیں ہے ، پاکستان اور پاکستان فوج آج افغانستان میں افغانیوں کے امریکہ کے ہاتھوں قتل میں اتنے ہی شامل ہیں جتنی امریکہ شامل ہے........ جب آپ افغانستان میں امریکہ کے اتحادی ہیں اور افغانستان میں مسلمانوں کے قتل میں شامل ہیں تو ان مسلمانوں کا جو افغانستان میں امریکہ کے خلاف لڑ رہے ہیں ، ان کا ٹرائیبل ایریا کے ساتھ بہت قریبی ناطہ ہے ، یہ ناطہ بہت مضبوط ہے ، اس لیے کہ جب بھی مسلمان کسی دباؤ میں آتا ہے ، کسی جگہ اس کو لگنے کی ضرورت ہو ، چاہے خالص نیشنلسٹ وجوہات کی بنا پر لڑ رہا ہو ، دین ضرور اس میں آتا ہے۔ کیونکہ اس کو ساری ماٹیویشن دین سے ملتی ہے ، بدقسمتی سے ہم اس ملک میں دین کا نام لینے کو جاہلیت سمجھنے لگے ہیں ، کیونکہ یہ بھی پراپیگنڈے کا اثر ہے جیسے کہ وہ پراپیگنڈا کیا گیا کہ پاکستان اپنی لڑائی لڑ رہا ہے اور اس کو افغانستان سے علیحدہ کر کے چھوٹی تصویر دکھائی گئی۔ اس طرح آج پاکستان میں یہ پراپیگنڈا کیا جا رہا ہے کہ جو دین کا نام لے گا وہ انتہا پسند ہے ، اس کی بات سننے کی لائق نہیں ہے '' ...صحافی نے پوچھا کیا'' کیا یہ ہماری لڑائی ہے یا نہیں ہے ؟'' شاہد عزیز صاحب نے کہا'' سرے سے ہماری لڑائی نہیں ہے ، ہماری لڑائی بنائی گئی ہے ''۔

[10] محترم سید منور حسن (زاد اللہ قدرہ) کے ٹی وی انٹرویو کا ایک مکالمہ بطور مثال پیش خدمت ہے:

صحافی : ''افغان حکومت کے خلاف جہاد جائز ہے ؟''

سید منور حسن صاحب: کس کا جہاد ؟

اب اگر کوئی کہتا ہے کہ یہ قومی سطح کی تحریک نہیں ہے، تو میں عرض کرتا ہوں کہ یہ قومی سطح کی تحریک نہ ہوتی تو دشمن کو قومی ایکشن پلان نہ بنانا پڑتا... جو الحمدللہ ناکام ہے، پھر عرض یہ ہے کہ میدان جہاد کے مجاہدین کو ایک طرف رکھئے ، شہداء اور قیدیوں کی فہرست بھی اگر سامنے لائی جائے تو یہ حقیقت واضح ہو جائے گی کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی دفعہ ظلم و جبر اور نظام کفر کے خلاف یہ قومی سطح کی ایک ملک گیر جہادی تحریک اٹھی ہے !

یہاں میں ایک اور نکتے کی طرف بھی توجہ دلاؤں کہ مال و مفاد کے لیے کے لیے تو لوگ کسی کے پیچھے بھی چلنا شروع کرتے ہیں، پاکستان میں دیکھیے! اکثر یہاں چور لٹیرے ڈاکووں کے پیچھے لوگ گئے ہیں مگر قربانی دینے کے لیے، جسم ٹکڑے کروانے، گھر بستی کھنڈر کروانے، مال و دولت داؤ پر لگانے ، قید اور تشدد قبول کرنے کے لیے کیا کوئی ویسے ہی سوچے سمجھے بغیر نکلتے ہیں ؟ نہیں، ایسا قطعاً نہیں ہے... ایمان و اخلاص نہ ہو، سچائی نہ ہو تو ان قربانیوں کے لیے کوئی بھی تیار نہیں ہوتا...

لہذا یہ ہمارا دعوی نہیں ہے بلکہ حقیقت ہے کہ جہاد پاکستان اور نفاذ شریعت کی یہ تحریک نہ صرف یہ ایک ملک گیر تحریک ہے ، بلکہ یہ ایک ایسی تحریک بھی ہے جس میں اخلاص، سچائی اور قربانی کے ایک لازوال جذبے کی بنیاد پر لوگ شامل ہوئے! پھر ہمارا سوال ہے، پاکستان کی تاریخ میں کس سیاسی یا غیر سیاسی تحریک نے قربانیوں کی یہ عظیم تاریخ رقم کی ہے؟ کس نے اپنے گھر بار، قصبے، گاؤں ایک خاص نصب العین اور مقصد کی خاطر کھنڈر کروائے ہیں؟ کس سیاسی جماعت کے کارکنوں کی اتنی بڑی تعداد میں گرفتاریاں ہوئیں اور پھر ان پر رونگٹے کھڑے کرنے والے مظالم ڈھائے گئے ؟ کس پارٹی کے کارکنوں کی اتنی بڑی تعداد کو شہید کیا گیا؟ اور پھر کونسی ایسی تحریک ہے کہ جس کے پیچھے چلنے والے اس قدر مظالم کے باوجود بھی اپنے نظریات سے پیچھے نہیں ہٹے ہوں بلکہ ظلم و جبر کی انتہاء کے باوجود بھی انہوں نے ڈٹنے اور جمنے کی یہ عظیم تاریخ رقم کی ہو؟ پاکستان کے اندر یہ صرف اس تحریک جہاد کا کارنامہ ہے، یہ برصغیر کی ایک تاریخ رقم ہو رہی ہے، اور عدل یہ ہے کہ اس میں اس ملک کے تمام اہل دین کا ان شاءاللہ حصہ ہے، یہ تحریک جہاد ملک کے ہر دیندار کے لیے فخر کا باعث ہونی چاہئے، کہ اس دین کی خاطر اس ملک میں ایسی عظیم قربانیاں دی گئیں جو کسی سیکولر اور نام نہاد محب وطن نے اس پوری تاریخ میں کبھی نہیں دی ہیں۔

صحافی : افغانی طالبان ، جن کے آپ حامی ہیں، وہ اگر افغان حکومت کے خلاف جہاد کر رہے ہیں تو کیا جائز ہے؟

سید منور حسن صاحب : اگر امریکہ کے خلاف جہاد جائز ہے تو جو بھی امریکہ کا ساتھ دے رہاہے ، اس کے خلاف جہاد جائز کیسے نہیں ہو گا،ورنہ پھر تو امریکیوں کو بھی شہید کہنا چاہئے جو مرتے ہیں۔

صحافی:تو معذرت کے ساتھ منور حسن صاحب پھر پاکستانی حکومت کے خلاف جہاد جائز ہے یا نہیں؟

سید منور حسن صاحب:میرے خیال میں اس پر لوگوں کو غور کرنا چاہئے۔

صحافی: جہاد جائز ہے؟

سید منور حسن صاحب:اگر پاکستان کی حکومت امریکہ کے ساتھ ہے اور اگر امریکہ کے ساتھ مل کر مسلمانوں کی حکومت کو تہس نہس کر دیااور لاکھوں لوگوں کو آگ و خون کے دریا سے گزار دیا ہے، علماء کو اس پر فتوی دینا چاہئے۔میں اپنی بات کو دہراتاہوں ، جہاں سے بات شروع ہوئی تھی کہ جو امریکہ کا ساتھ دے گا ، اس کے لیے بھی وہی حکم ہے جو امریکہ کے لیے ہے ، حکم بدل نہیں جاتا۔

السحاب: علماء کی حمایت و مخالفت کے موضوع کی طرف لوٹتے ہیں ، آج علماء کرم میں سے بعض علماء جہاد کی علی الاعلان مخالفت کر رہے ہیں ، اس پر آپ کا کیا تبصرہ ہے؟

استاذ اسامہ محمود : دیکھیے ہماری رائے ہے کہ ۲۰۱۳ تک علماء حق میں سے کسی نے بھی الحمدللہ تحریک جہاد کی مخالفت نہیں کی ہے۔ یہ بھی ہم بتائیں کہ ہمارے ہاں علماء حق کا دائرہ تنگ نہیں ہے کہ جو ہتھیار لیکر ہمارے ساتھ صف میں جو کھڑے ہوں صرف انہیں کو ہم علماء حق کہتے ہیں، ایسا نہیں ہے، اللہ کا فضل ہے کہ ایسے علماء کی تعداد پاکستان میں کم نہیں ہے جن کا مقصد علم دین سے دنیا کمانا نہیں ہے بلکہ آخرت سنوارنا ہے اور جو حکمرانوں کے اثر سے دور رہ کر اخلاص کے ساتھ دین کی خدمت کرتے ہیں، ہماری نظر میں یہ علماء حق ہیں، تو ایسے علماء میں سے کسی نے بھی 2013 تک جہاد پاکستان کی مخالفت نہیں کی ہے، بلکہ حقیقت یہ ہے کہ اس عرصے میں تمام مکاتب فکر کے ایسے علماء نے جہاد کی کسی نہ کسی صورت میں حمایت کی ہے، کسی نے کم کی تو کسی نے زیادہ، کسی نے اعلانیہ کی تو کسی نے خفیہ مگر مخالفت... تو وہ علماء حق کی طرف سے الحمدللہ کہیں بھی نظر نہیں آئی۔

جہاں تک 2013 کے بعد کی مخالفت ہے اور آج بھی جو بعض شخصیات مخالفت کر رہی ہیں تو ایک یہی وجہ سمجھ آرہی ہے کہ یہ دراصل جہاد سے منسوب جہاد کو بدنام کرنے والے اُن عناصر اور ان کے افعال کی مخالفت ہے جن کی مخالفت الحمدللہ مجاہدین کے اندر بھی کوئی کم نہیں ہے ... مثلاً دیکھیے، کہ نقد کرنے والوں میں سے ایک معروف عالم اور ہمارے لیے انتہائی محترم مفتی صاحب کے پاس 2009 میں وزیر داخلہ گیا اور جہاد پاکستان کے خلاف فتوی مانگا، تو اس وقت حضرت مفتی صاحب نے بڑا منہ توڑ جواب دیا کہ امریکیوں کے صف میں شامل ہوتے وقت تو تم نے فتوی نہیں مانگا، اب کیوں مانگنے آئے ہو؟ اللہ ان مفتی صاحب کو اور ان جیسے دیگر علماء کرام کو جزائے خیر دے اور اللہ انہیں حق پر ثابت قدمی عطا فرمائے۔

السحاب: حال ہی میں اکتیس علماء کرام نے ایک ورقہ نشر کیا ہے، اس میں جہاد کو پاکستانی حکومت کی اجازت سے مشروط کیا ہے ، اس پر آپ حضرات کا کیا موقف ہے؟

استاذ اسامہ محمود : سوال سے ہٹ کر سب سے پہلے آپ کے سامنے یہاں چند اصولی باتیں رکھنا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ علماء کرام ہمارے سروں کے تاج ہیں ، ہم خود اپنے تمام جہادی امور اہل علم کی سرپرستی میں انجام دیتے ہیں، وہی ہمارے قائدین اور وہی ہمارے امراء ہیں۔ اس طرح ہمارے جہاد کا ایک اہم ہدف علماء کرام کو ان کا اصل مقام... یعنی معاشرے کی قیادت اور سیادت واپس دلانی ہے، انہیں وہ ماحول عطا کرنا ہمارے جہاد کا مقصد ہے جہاں جبر اور دباؤ کی حکمرانی نہ ہو بلکہ جہاں آزادی کے ساتھ تقوی، علم اور ضمیر کے مطابق وہ عوام کی رہنمائی کر سکیں۔

اگلی بات یہ ہے کہ آج چونکہ باطل کا جبر اور دجل و فریب اپنے عروج پر ہے اس لیے علم سے منسوب سرکار کے نوکروں کے ساتھ ساتھ بعض ایسی شخصیات سے بھی جہاد مخالف باتیں کرائی جاتی ہیں جن سے ہمیں خیر کی امید ہے، اس لیے اس حال میں جہاد کے خلاف بولنے والے ان سب حضرات کا معاملہ ہم اللہ کے سپرد کرتے ہیں اور اپنے مجاہدین کو بھی ایسی شخصیات کے حوالے سے زبان نہ کھولنے کی نصیحت جہاں ہم

کرتے ہیں، وہاں یہ درخواست بھی ان کی خدمت میں کرتے ہیں کہ ایسے پراپیگنڈے کا جب رد ضروری ہو تو اپنے آپ کو صرف علماء جہاد کے نشر شدہ جوابات تک ہی محدود رکھئے۔ اسی میں ان شاءاللہ خیر ہو گی۔

پھر جہاں تک ان فتاوی کی صحت کا تعلق ہے تو یہ کوئی نئی بات نہیں ہے، ان کا رد کتب فقہ میں پہلے سے موجود ہے ...اور آج بھی الحمدللہ، میدان جہاد کے اندر اور میدان سے باہر امت میں ایسے علماء کی کمی نہیں ہے جو علم کو اللہ کی امانت سمجھتے ہیں اور اس قسم کے حکومتی پراپیگنڈوں کا توڑ اپنی ذمہ داری خیال کرتے ہیں، یہی وہ انبیاء کے وارث ہیں جن میں سے کتنوں کو شہید کیا گیا، متعدد کی چھلنی لاشیں عقوبت خانوں سے باہر نکلیں مگر انہوں نے باطل کو کبھی حق نہیں کہا اور اپنی سیرت سے انہوں نے امام ابو حنیفہؒ اور امام احمد بن حنبلؒ کی سنت تازہ کر دی۔ آج پوری دنیا کے اندر الحمد للہ تحریک جہاد ایسے ہی علماء حق کی رہنمائی میں جاری ہے۔

